## صدر آصف علی زرداری کی لندن آمد کے موقع پر قائد تحریک الطاف حسین اپنی نجی مصروفیات کے سبب لندن میں نہیں تھے جسکے باعث دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات ممکن نہ ہوسکی۔ترجمان متحدہ قومی موومنٹ

## صدر آصف زرداری اور قائد تحریک الطاف حسین کی ملاقات نہ ہونے کے بارے میں بعض عناصر کی جانب سے جن شکوک وشبہات کا اظہار کیا جارہا ہے ان میں کوئی حقیقت نہیں۔ترجمان

لندن۔۔۔ 3 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ترجمان نے اپنے ایک وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ صدر آصف علی زرداری کی لندن آمد کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اپنی نجی مصروفیات کے سبب لندن میں نہیں تھے جسکے باعث دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات ممکن نہ ہوسکی لہٰذا دونوں رہنماؤں کی ملاقات نہ ہونے کے بارے میں بعض عناصر کی جانب سے جن شکوک وشبہات کا اظہار کیا جارہا ہے ان میں کوئی حقیقت نہیں۔ترجمان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی لندن میں عدم موجودگی کے سبب وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی بھی قائد تحریک سے ملاقات ممکن نہیں ہوسکی۔

## بلوچستان یونیورسٹی میں بلوچ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے اجتماع میں دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔الطاف حسین

## دہشت گردی کا یہ واقعہ بلوچوں کے حقوق کی تحریک کو دبانے کی کو مذموم کوششوں کا حصہ ہے

## بم دھماکے میں شہید ہونے والے طالبعلم کے لواحقین اور بی ایس او کے رہنماؤں اور کارکنوں سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔3،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان یونیورسٹی میں بلوچ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے اجتماع میں بم دھماکے کی شدید مذمت کی ہے اوراس واقعہ میں ایک طالبعلم کی شہادت اور کئی طلبہ کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کا یہ واقعہ  بلوچوں کے حقوق کی تحریک کو دبانے کی کو مذموم کوششوں کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے اس واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے طالبعلم کے لواحقین اور بلوچ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے واقعہ میں زخمی ہونے والے بلوچ طلبہ سے بھی ہمدردی کا اظہار کیا اورانکی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضا کی آٹھویں سالگرہ جمعہ کو منائی جائیگی

## سالگرہ کی مرکزی تقریب نائن زیرو پر ہوگی،اندرون سندھ،پنجاب،سرحد،بلوچستان،گلگت بلتستان،آزادکشمیر میں بھی سالگرہ کی تقریبات منعقد ہوں گی

کراچی۔۔۔3،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء کی آٹھویں سالگرہ 5مارچ بروز جمعہ کو ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں منائی جائے گی اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے بے بی افضاء کی سالگرہ کا کیک کاٹا جائے گا۔کراچی کے علاوہ اندرون سندھ،صوبہ پنجاب،صوبہ سرحد،صوبہ بلوچستان،گلگت بلتستان،آزادکشمیر سمیت دنیا کے بیشتر مما لک میں سالگرہ کی تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا اور بے بی افضاء الطاف کو زبردست انداز میں سالگرہ کی مبارکباد پیش کی جائے گی۔

## ایم کیوایم کی جانب سے بھرپور تعاون کے باعث WHO کو کراچی کی ایک کروڑ 80 لاکھ کی آبادی میں جانا انتہائی آسان ہوا ہے
## کراچی کے بعض علاقوں جن کی آبادی کی اکثریت شمالی علاقوں پر مشتمل ہے جانے میں کافی پریشانیاں ہیں
## دنیا میں ہر جگہ پولیو کا موذی مرض ختم ہو چکا ہے مگر کراچی میں یہ بڑھ رہا ہے، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن
## پولیو کے مرض کی کراچی میں موجودگی کی وجہ شمالی علاقوں سے انتہائی بڑے پیمانے پر مائیگریشن ہے، اراکین رابطہ کمیٹی
## ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے نمائندہ وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔3، مارچ 2010ء

ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کی۔ وفد جب نائن زیرو پہنچا تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد، سیف یار خان، اشفاق منگی اور شاکر علی نے وفد کے ارکان کا استقبال کیا۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے وفد میں میڈیکل آفیسر ڈاکٹر ندیم سدوزئی، امیوزیشن آفیسر ڈاکٹر لیلیٰ رضوی اور پروگرام کمیونیکیشن اسپشلسٹ رابعہ امجد اور دیگر شامل تھے۔ ملاقات میں وفد کے ارکان نے انسداد پولیو کے لئے ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کو سراہاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے تعاون کی وجہ سے WHO کو کراچی شہر کی ایک کروڑ 80 لاکھ کی آبادی میں جانا انتہائی آسان ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ WHO کراچی کے متعلق کافی تشویش رکھتی ہے کیونکہ دنیا میں ہر جگہ پولیو کا موذی مرض ختم ہو چکا ہے مگر کراچی میں یہ بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پورے شہر کی صرف کچھ یوسیوں میں پولیو کی بیماری کے شواہد ملے ہیں، آگے بھی ہمیں پورے سندھ میں پولیو سمیت دیگر مہم کے لئے ایم کیوایم کے تعاون کی ضرورت پڑے گی کیونکہ WHO سمجھتی ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ سندھ میں بہت زیادہ منظم ہے جس کے باعث WHO کے ارکان کو عام آدمی تک رسائی ممکن ہوگی۔ انہوں نے مزید کہ WHO پولیو کے بارے میں انتہائی سنجیدہ ہے اور انہیں کراچی کے بعض علاقوں جن کی آبادی کی اکثریت شمالی علاقوں پر مشتمل ہے جانے میں کافی پریشانیاں ہیں۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کو WHO کے وفد نے بتایا کہ پولیو کے مرض کا کراچی میں موجود رہنا شمالی علاقوں سے انتہائی بڑے پیمانے پر مائیگریشن ہے، خاص طور پر سوات، فاٹا کے ایریا سے یہ مائیگریشن ہو رہی ہے جہاں میڈیکل سہولتیں ناپید ہیں جبکہ دوسرا مسئلہ یہ ہے شمالی علاقوں کے لوگ پولیو انجیکشنز کو ایک غیر اسلامی فعل سمجھتے ہیں۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے وفد کی نائن زیرو آمد کا خیر مقدم کیا اور انہیں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام انسداد پولیو کی بھرپور مہم سے آگاہ کیا۔

## نوابشاہ ریلوے اسٹیشن پر مال گاڑی کے حادثے کے متاثرین کیلئے ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت طبی اور امدادی کیمپ کا انعقاد

نوابشاہ۔۔۔3، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نوابشاہ زون کی جانب سے گزشتہ روز کراچی سے پنجاب جانے والی مال گاڑی کے نوابشاہ ریلوے اسٹیشن پر حادثے کے متاثرین کو طبی اور امدادی سرگرمیاں فراہم کی گئیں۔ اس سلسلے میں حادثے اور مال گاڑی کے دیر سے روانہ ہونے کی اطلاع ملتے ہیں ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت نوابشاہ ریلوے اسٹیشن پر طبی کیمپ اور ریلیف کیمپ قائم کردیا گیا جہاں سے مسافروں کو طبی امداد کے علاوہ دودھ وجوس کے پیکٹ، بسکٹس اور کھانے پینے کی اشیاء وافر مقدار میں فراہم کی گئیں۔ امدادی سرگرمیوں کی نگرانی ایم کیوایم نوابشاہ زون کے زونل انچارج شیراز مسعود اور زونل کمیٹی کے دیگر اراکین نے انجام دیں جبکہ امدادی سرگرمیوں میں ایم کیوایم نوابشاہ زون کے کارکنان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ طبی کیمپ پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں نے مسافروں کا معائنہ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات بھی مفت فراہم کیں۔ مسافروں نے ایم کیوایم نوابشاہ زون کی جانب سے طبی کیمپ اور ریلیف کیمپ کے انعقاد کو سہراتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی یہ خدمت ہمیں ہمیشہ یاد رہے گی اور اس عملی خدمت کے مظاہرے کو دیکھ کر ہم ایم کیوایم کے بارے میں پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کو جھوٹ پر مبنی تصور کرتے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیر کے دوران متاثر ہونے والے افراد کو زرتلافی دینے کا عمل شفاف بنایا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔3، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ گلگت بلتستان میں دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیر کے دوران متاثر ہونے والے افراد کو زرتلافی دیئے جانے کے عمل کو شفاف بنایا جائے اور تمام متاثرین بالخصوص چلاس شہر کے لوگوں کے تحفظات کو دور کر کے انہیں بھی تمام فیصلوں میں شریک کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے دیامر بھاشا ڈیم کے 20 فیصد متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جا رہا ہے جبکہ 80 فیصد متاثرین کو معاوضہ سے محروم رکھا جا رہا ہے جس کے باعث متاثرین میں گہری تشویش اور مایوسی پائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی آبادی کی بھاری اکثریت کے اس تاثر کو زائل کرنے کی فوری ضرورت ہے کہ تمام فیصلے مخصوص افراد کو فائدہ پہنچانے کیلئے کئے جارہے ہیں اور اس سلسلے میں متاثرین میں پائے جانے والے تحفظات کو فی الفور دور کیا جائے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ سید مہدی شاہ سے مطالبہ کیا کہ دیامر بھاشا ڈیم کے متاثرین کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا نوٹس لیا جائے اور تمام متاثرین کو معاوضہ کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔

## ملتان سمیت جنوبی پنجاب میں ایسے سینکڑوں تعلیمی ادارے ہیں جو لیبارٹری، لائبریری، ڈسپنسری اور پلے گراؤنڈ کی سہولیات سے محروم ہیں، کرامت علی شیخ کا اظہار تشویش

ملتان۔۔3، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لوئر پنجاب زون کے زونل انچارج کرامت علی شیخ نے جنوبی پنجاب میں قائم نجی تعلیمی ادراوں کی حالت زار پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم سے رجسٹرڈ ہونے اور تعلیمی بورڈ سے الحاق کے باوجود ملتان سمیت جنوبی پنجاب میں ایسے سینکڑوں تعلیمی ادارے ہیں جو لیبارٹری، لائبریری، ڈسپنسری اور پلے گراؤنڈ کی سہولیات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اہم سہولیات کے بغیر چلنے والے تعلیمی ادارے نہ صرف خود کو دھوکا دے رہے ہیں بلکہ قوم کے معماروں کے ساتھ بھی تعلیم کے نام پر مذاق کر رہے ہیں جس کا تدارک انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے غیر ذمہ دار تعلیمی ادارے بورڈ افسران کی ملی بھگت سے معائنہ کے موقع پر عارضی لیبارٹری، لائبریریاں ورڈسپنسریاں دکھا کر جان چھڑا لیتے ہیں جو نہ صرف قانون بلکہ انسانیت کے ساتھ بھی کھلا مذاق ہے۔ کرامت علی شیخ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے والے تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن منسوخ کی جائے اور جو تعلیمی ادارے طالب علموں کو ضروری سہولیات دے رہے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی جائے تا کہ ملک وقوم کے ان روشن ستاروں کی بہترین نشونما ہو سکے۔

## اے پی ایم ایس او طلبہ کی حوصلہ افزائی کیلئے نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی آ رہی ہے، مزمل قریشی
## دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کا خاتمہ کر کے طلبہ کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کئے جائیں، سابق ٹاؤن ناظم واسع جلیل
## جاگیردارانہ نظام نے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کو جنم دیا، منہاج الاابراہیم
## اے پی ایم ایس او سیکٹر اے کے زیراہتمام سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی میں منعقدہ تقریری مقابلہ کی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔3مارچ 2010ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او طلبہ کی حوصلہ افزائی کیلئے تعلیمی اداروں میں نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی آ رہی ہے جو خوش آئند ہے۔ یہ بات انہوں نے اے پی ایم ایس او سیکٹر اے کے زیراہتمام سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ اٹیکنالوجی میں منعقدہ تقریری مقابلہ بعنوان ''دوہرا طبقاتی تعلیمی نظام اور طلبہ میں سیاسی شعور وقت کی اہم ضرورت'' کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر و اشاعت سیکرٹری منہاج الاابراہیم، مرکزی فنانس سیکرٹری دانش احمد، گلشن اقبال کے سابق حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل اور سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان سمیت اساتذہ کرام وطلبہ و طالبات بھی موجود تھے۔ حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ کے حقوق کیلئے ہمہ وقت متحرک رہنے والی طلبہ تنظیم کا نام ہے جس نے ملک بھر کے طلبہ کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فراہم کردہ پلیٹ فارم پر متحد و منظم کیا اے پی ایم ایس ا کی جانب سے تعلیمی اداروں میں نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کا

انعقاد قابل تعریف ہے۔انہوں نے تقریری مقابلے کے انعقاد پر اے پی ایم ایس او مرکزی کمیٹی وسیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان تہہ دل کومبارکباد بھی پیش کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل نے کہا کہ دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کا خاتمہ کر کے طلبہ کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کئے جائیں،اے پی ایم ایس او طلبہ میں سیاسی شعور کواُجاگر کرنا چاہتی ہے اور آج کا یہ تقریری مقابلہ اس ہی سلسلے کی کڑی ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نظریہ حق پرستی کی بنیاد جامعہ کراچی میں رکھی جس کی بنیادی وجہ طلبہ میں پائی جانے والی محرومیوں کا خاتمہ کرنا اور انکے غصب شدہ حقوق کے حصول کیلئے آواز حق کو بلند کرنا تھا الحمد اللہ آج نظریہ حق پرستی کراچی سے نکل کر پوری دنیا تک پہنچ چکا ہے جس کا سارا سہرا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سر جاتا ہے۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر واشاعت سیکرٹری منہاج الا ابراہیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جاگیردارانہ نظام نے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کو جنم دیا قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ویژن یہ بھی ہے کہ طلبہ کو یکساں تعلیمی مواقع حاصل ہوں تاکہ وہ باشعور معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں کیونکہ نوجوان طلبہ کا طبقہ کسی بھی معاشرے کی ترقی میں انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔اس موقع پر مہمانانِ گرامی نے تقریری مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں اعزازی شیلڈ بھی تقسیم کیں۔

## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن شیراز ولد نصر مسیح کے قتل پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔3،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹB-118 کے کارکن شیراز ولد نصر مسیح کے قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مقتول کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن شیراز ولد نصر مسیح کو قتل کر دیا
## شیراز ولد نصر مسیح کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔3،مارچ2010ء

مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹB-118 کے کارکن شیراز ولد نصر مسیح کو فائرنگ کر کے بیدردی سے شہید کر دیا۔تفصیلات کے مطابق مقتول شیراز کی گزشتہ روز سالگرہ کی تقریب تھی وہ کسی سے ملنے اپنی رہائشگاہ سے باہر نکلے تو موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے انہیں دیکھ کر فائرنگ کر دی جس کے باعث ان کے جسم پر گولیوں کے تین زخم آئے اور وہ موقع پر ہی انتقال کر گئے۔مقتول کو غازی آبادی کرسچن قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مقتول کی آخری رسومات میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف،ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین،اورنگی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مقتول کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن شیراز کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ شیراز ولد نصر مسیح کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں عبرتناک سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مقتول شیراز کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان ان کے غم ہیں برابر کے شریک ہیں۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن عبدالرحیم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔3،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن عبدالرحیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔3،مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن عبدالرحیم ،ایم کیوایم سرجانی سیکٹر یونٹ 4 کے شہید کارکن جمیل احمد کے صاحبزادے نعیم احمد،ایم کیوا یم نوابشاہ زون یونٹ 8A کے کارکن عظمت عمران کے بھائی شیر محمد،ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ سٹی ریلوے کالونی کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد علی شاہ کے والد فضل سبحان ،ایم کیوایم شعبہ خواتین لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کی ورکنگ کمیٹی کی رکن محترمہ وسیمہ کی ہمشیرہ محترمہ محمودہ بانو،ایم کیوایم سرجانی سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن احمد علی کے والد مقصود علی اور ایم کیوایم پی پی اوسی اورایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن عبدالرزاق گجر کی والدہ جان بانو بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سلطان احمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔3،مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر صحافی ،ادیب اورفن مصوری کے عظیم نقاد سلطان احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆